قائداعظم ٹرافی فائنل: افتخار احمد کی سنچری کی بدولت کے پی نے 5 وکٹوں کے نقصان پر 252 رنز بنالیے

کراچی، 25 دسمبر 2021ء:

قائداعظم ٹرافی کا ڈے اینڈ نائٹ فائنل نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں جاری ہے، جہاں پانچ روزہ میچ کے پہلے روز دفاعی چیمپئن خیبر پختونخواہ نے اپنی پہلی اننگز کے 87 اوورز میں 5 وکٹوں کے نقصان پر 252 رنز بنائے ہیں۔

ریحان آفریدی 23 اور آصف آفریدی 3 کے انفرادی اسکور سے میچ کے دوسرے روز کھیل کا دوبارہ آغاز کریں گے۔

میچ کے پہلے روز خیبر پختونخواہ کے کپتان افتخار احمد 102 رنز بناکر ٹاپ اسکورر رہے. وہ دن کے اختتامی لمحات میں وقاص احمد کی گیند پر کلین بولڈ ہوئے. ناردرن کے فاسٹ باؤلر اب تک تین وکٹیں حاصل کرچکے ہیں۔

اس سے قبل ناردرن نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا تو 6 کے مجموعی اسکور پر خیبر پختونخواہ کے اوپنر فخر زمان اور ان فارم صاحبزادہ فرحان وقاص احمد کی گیند پر آؤٹ ہوکر پویلین واپس لوٹ گئے۔

ایسے میں کامران غلام نے اوپنر اشفاق احمد کے ہمراہ تیسری وکٹ کے لیے 79 رنز کی شراکت قائم کرکے خیبر پختونخواہ کی اننگز کو ری بلڈ کرنا شروع کیا۔ اشفاق احمد 5 چوکوں کی مدد سے 45 رنز بناکر محمد نواز کا شکار بنے۔

کامران غلام 72 رنز بناکر آؤٹ ہوئے. 196 گیندوں پر مشتمل ان کی اننگز میں 11 چوکے شامل تھے۔ وہ مبصر خان کی گیند پر اسٹمپ آؤٹ ہوئے۔

خیبر پختونخواہ کے کپتان افتخار احمد 170 گیندوں پر 13 چوکوں کی مدد سے 102 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

ریحان آفریدی 53 گیندوں پر 23 جبکہ آصف آفریدی 7 گیندوں پر 3 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ ہیں۔

ناردرن کے وقاص احمد 3 جبکہ محمد نواز اور مبصر خان ایک ایک وکٹ حاصل کر چکے ہیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk